## 654 ـ سورة یس کی بارہ میں ضعیف حدیث

**سوال**

وہ کون سی سورۃ ہے جو قرآن مجید کا دل شمار ہوتی ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

ایک حدیث میں یہ وارد ہے کہ سورۃ یس قرآن مجید کا دل ہے ، لیکن یہ حدیث ضعیف ہے ۔ دیکھیں علامہ البانی رحمہ اللہ کی کتاب سلسلۃ احادیث الضعیفۃ حدیث نمبر ( 169 ) ۔

اوراس میں توکوئ شک وشبہ نہیں کہ سورۃ یس ایک عظیم سورۃ ہے جس میں بہت ہی مؤثر قسم کے قصص اور اثربالغ رکھنے والی عبرتیں پائ جاتی ہیں لیکن اسے قرآن مجید کا دل کہنا کہیں بھی ثابت نہیں ہے ۔

ہم آپ کو اس بات پرداد دیتے ہیں کہ آپ اتنی کم عمری ( یعنی تیرہ برس کی عمر میں) کے باوجود اس قسم کے سوال کررہے ہیں جو کہ قابل صد تحسین ہے ، اللہ تعالی آپ کی غلطیوں کی اصلاح فرمائے اور اعمال صالحہ کی توفیق عطا فرمائے آمین یا رب العالمین ۔

واللہ تعالی اعلم .